GHURKI
TRUST & TEACHING
HOSPITAL
زندگی اور صحت کی امید

# آپ کی زکوٰۃ

## زندگی اور صحت کی امید



## گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال

# کورونا وائرس میں شعبہ آرتھوپیڈک ٹیم کا کردار عزم و ہمت کی مثال






دنیا بھر میں کورونا وائرس نے جہاں زندگی کے ہر شعبے کو متاثر کیا ہے وہیں ہسپتالوں کے او پی ڈیز (Out Patient Departments) کے بند ہونے سے عام مریض بھی بری طرح سے متاثر ہوئے۔ ملک بھر میں کورونا وائرس کے پیش نظر سرکاری اور غیر سرکاری ہسپتالوں کے او پی ڈیز مکمل طور پر بند کر دیئے گئے تھے تاہم جلو موڑ میں واقع گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال کے شعبہ آرتھوپیڈک میں ملک کے مایہ ناز پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کی زیرنگرانی لاک ڈاؤن کے دوران ایمرجنسی میں لائے گئے تقریباً 11,000 سے زائد مریضوں کے آپریشنز کیے جا چکے ہیں جو کہ ایک ورلڈ ریکارڈ ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ گھروں میں رہیں اور بلاضرورت گھروں سے باہر نکلنے سے احتیاط کریں۔ خود بھی محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی رکھیں۔

# گھرکی ہسپتال میں جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ سپائن سنٹر میں بین الاقوامی طرز کے مزید 5 آپریشن تھیٹرز (Operation Theaters) کا اضافہ

ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ 600 بستروں پر مشتمل گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال غریب عوام کے علاج و معالجے کے لیے شب و روز کام کر رہا ہے۔ پاکستان میں پہلی مرتبہ مایہ ناز پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کی زیر نگرانی گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال کو ایشیا میں سب سے پہلا سپائن سنٹر بنانے کا اعزاز حاصل ہے جہاں پر ہڈی اور جوڑ کے غریب اور مفلس افراد کا بلا تفریق مفت علاج و معالجہ کیا جاتا ہے۔ گھرکی ہسپتال میں جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ سپائن سنٹر میں بین الاقوامی طرز کے مزید 5 آپریشن تھیٹرز (Operation Theaters) کے اضافے کے ساتھ اب موڈیولر تھیٹرز کی کل تعداد 10 ہوگئی ہے۔ یورپ سے منگوائے گئے ان آپریشن تھیٹرز پر لاگت تقریباً 50 ملین روپے آئی ہے۔ گھرکی ہسپتال کے شعبہ آرتھوپیڈک میں روزانہ تقریباً 40 سے 50






مریضوں کے آپریشنز کیے جاتے ہیں۔ نئے موڈیولر تھیٹرز کی تنصیب سے مریضوں کو علاج و معالجے کی بین الاقوامی طرز کی جدید ترین سہولیات میسر آسکیں گی۔ ان موڈیولر تھیٹرز کی تنصیب سے مریضوں کے بڑھتے ہوئے لوڈ کو کم کیا جا سکے گا۔ گھرکی ہسپتال کے شعبہ سپائن میں نہ صرف مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے بلکہ رنگ و نسل، مذہب اور مسلک سے بالا تر ہو کر ملکی و غیر ملکی ڈاکٹروں کو تربیت بھی دی جا رہی ہے جو مختلف علاقوں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ گھرکی ہسپتال میں شعبہ آرتھوپیڈک اینڈ سپائن سنٹر اور مستند Anesthesia ٹیم کے تحت کیے گئے آپریشنز کا تناسب لاہور کے دیگر ہسپتالوں کے تناسب سے کہیں زیادہ ہے۔ کورونا وائرس کے باعث ہونیوالے لاک ڈاؤن سے لے کر اب تک پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کی زیرنگرانی گھرکی ہسپتال کے شعبہ آرتھوپیڈک میں 11000 سے زائد آپریشنز کیے جا چکے ہیں جو کہ ایک ورلڈ ریکارڈ ہے۔

# گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال میں اے او سپائن کے تعاون سے ریڑھ کی ہڈیوں کے ٹیڑھے پن کی سرجری کے سلسلہ میں تین ہفتہ ورکشاپ کا انعقاد

گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال میں اے او سپائن (A O Spine) کے تعاون سے ریڑھ کی ہڈیوں کے ٹیڑھے پن کی سرجری (Scoliosis) کے سلسلہ میں تین ہفتہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں چیئر مین اینڈ چیف آف سپائن سنٹر پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز، میڈیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر خرم اعجاز، پروفیسر ڈاکٹر عبداللہ شاہ، جنرل اسد قریشی، پروفیسر ابراہیم پاشا، پروفیسر عارف خان (پشاور)، ڈاکٹر خوزی خطاب (مصر)، ڈاکٹر نجمہ فاروق (U.K) ڈاکٹر ایاز خان (پشاور)، پروفیسر شہزاد جاوید، ڈاکٹر حافظ عاصم (فزیوتھراپی)، ڈاکٹر عبدالطیف اور ڈاکٹر عمار ڈوگر سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔ ڈاکٹر نجمہ فاروق (U.K) نے گھرکی ہسپتال کے ڈاکٹرز کے ہمراہ 13 مریضوں کی ریڑھ کی ہڈی کے مفت آپریشنز کیے اور دیگر ڈاکٹرز کو Video Link کے ذریعے علاج و معالجہ کے بارے لیکچرز اور تربیت بھی دی۔ ڈاکٹر عبداللہ شاہ کی سربراہی







میں ہونے والی کانفرنس میں 13 بچوں کے مفت آپریشنز کیے گئے جبکہ ایک سرجری کی قیمت 13 سے 14 لاکھ روپے ہے۔ ڈاکٹر عبداللہ شاہ نے بتایا کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ ریڑھ کی ہڈی کو سیدھا کرنے کے لیے میجک راڈز ڈالے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ریڑھ کی ہڈی کو سیدھا کرنے کے لیے راڈز کا استعمال کیا جاتا ہے اور عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ راڈ کو لمبا کرنے کے لیے ایک مریض کے 5 سے 6 آپریشنز کرنا پڑتے ہیں۔ لیکن میجک راڈز کی صورت میں مریض کے آپریشنز نہیں کرنا پڑتے بلکہ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ میجک راڈ بھی بڑھتا جاتا ہے۔ تین روزہ ورکشاپ کے بارے میں بات کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں ریڑھ کی ہڈیوں کے ٹیڑھے پن کی بیماری میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ بیشتر بچوں کی ہڈیاں سیدھی کرنے کے لیے آپریشن کے ذریعے راڈ ڈالنی پڑتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تین ہفتہ ورکشاپ کرانے کا مقصد دیگر ڈاکٹرز کو ریڑھ کی ہڈیوں کے ٹیڑھے پن کی سرجری کے بارے میں تربیت دینا تھا تاکہ وہ دوسرے ہسپتالوں میں جہاں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں وہ اس ورکشاپ سے اپنی مہارت میں بہتری لاسکیں۔

# محمد یاسر کے دونوں ٹیڑھے پاؤں کا کامیاب آپریشن



سکردو بلتستان کا رہائشی 17 سالہ محمد یاسر پیدائشی طور پر معذور تھا۔ یاسر کے دونوں پاؤں ٹیڑھے تھے اور وہ چلنے پھرنے سے قاصر تھا۔ پہاڑی علاقے میں رہنے کی وجہ سے اس کی زندگی اور بھی اجیرن ہوگئی تھی۔ سکردو میں کرائے گئے پہلے آپریشن میں ناکامی کے بعد یاسر ناامید ہو چکا تھا کہ وہ صحت مند انسان کی طرح چل نہیں پائے گا۔ پھر یاسر کو کسی نے لاہور گھرکی ہسپتال جانے کا مشورہ دیا۔ گھرکی ہسپتال میں یاسر کے دونوں پاؤں کا انتہائی پیچیدہ آپریشن کئی مراحل میں کیا گیا۔ اس کامیاب آپریشن کے بعد سترہ سال کے بعد یاسر صحت مند انسان کی طرح چلنے پھرنے کے قابل ہوگیا۔ یاسر جب پہلی بار اپنے سیدھے پاؤں پر چلا تو اس کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔



# نامور کمپنی باٹا کا گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح

گُھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز چیئرمین گُھرکی ہسپتال اور عمران ملک مینجنگ ڈائریکٹر (باٹا کمپنی) نے کیا۔اس موقع پر مسٹر محسن بلال گُھرکی ہسپتال، محمد نعیم سی او او (COO) گُھرکی ہسپتال ، ڈاکٹر خرم اعجاز میڈیکل ڈائریکٹر، عاطف خان مارکٹنگ کنسلٹنٹ بھی موجود تھے۔واٹر فلٹریشن پلانٹ کے افتتاح کے موقع پر بات کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کا کہنا تھا کہ صاف پانی کے بغیر صحت




مند زندگی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔مضر صحت پانی کے سبب متعدد امراض جنم لیتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ باٹا کمپنی کی طرف سے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب ہسپتال میں مریضوں کے ساتھ ساتھ اسٹاف کو صحت مند بنانے کی اچھی کاوش ہے۔انسانیت کے لیے کام کرنے والے لوگ عظیم ہوتے ہیں جو دوسروں کے دکھ درد کو کم کرنا اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔اس موقع پر عمران ملک مینجنگ ڈائریکٹر (باٹا کمپنی) نے بتایا کہ واٹر فلٹریشن پلانٹ فی گھنٹہ 500




لیٹر تک پانی فلٹر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔اس سے مریضوں کو صاف پینے کی سہولیت میسر ہو سکے گی۔محمد نعیم سی او او (COO) گُھرکی ہسپتال نے باٹا کمپنی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ باٹا کمپنی کی طرف سے مریضوں کے لیے صاف پانی کی سہولت کے لیے کوشش قابل تحسین ہے۔گُھرکی ہسپتال کو پاکستان کا پہلا سپائن سنٹر بنانے کا اعزاز حاصل ہے جہاں پر غریب اور مستحق لوگوں کو علاج و معالجے کی بلا رنگ و نسل مفت خدمات کے ریکارڈ قائم کیے ہیں اور ان شاء اللہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔




# گُھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال کا مغل جنرل ہسپتال سیالکوٹ میں ریڑھ کی ہڈی، جوڑوں کے درد اور ہڈیوں کے دیگر امراض کے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد



گُھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال لاہور مغل جنرل ہسپتال سیالکوٹ میں ریڑھ کی ہڈی، جوڑوں کے درد اور ہڈیوں کے دیگر امراض کے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ممتاز آرتھوپیڈک سرجن پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کی ٹیم کے ارکان اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر حسیب، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عمار ڈوگر، اور سینئر رجسٹرار ڈاکٹر احسن نے مریضوں کا مفت معائنہ کیا جبکہ فزیوتھراپسٹ ڈاکٹر وجاحت نے مریضوں کو مختلف بیماریوں کے حوالے سے مختلف قسم کے مساج اور ورزش کرنے کے طریقوں سے آگاہ کیا۔اس موقع پر مریضوں میں مفت ادویات بھی تقسیم کی گئیں۔شاہد افضل کھوکھر اور نعیم اختر نے مغل جنرل ہسپتال کی طرف سے معاونت کی اور کیمپ کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

# گُھر کی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال اور لاہور چیمبر آف کامرس کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

گُھر کی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال اور لاہور چیمبر آف کامرس کے مابین معاہدے پر دستخط کی تقریب لاہور چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوئی۔ معاہدے کے مطابق گُھر کی ہسپتال لاہور چیمبر کے ممبران کو صحت کی جدید ترین سہولیات جبکہ لاہور چیمبر مالی تعاون فراہم کرے گا۔ محمد نعیم چیف آپریٹنگ آفیسر (COO) گُھر کی ہسپتال اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں طارق مصباح نے مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر گُھر کی ہسپتال کے (COO) محمد نعیم نے ہسپتال کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ





کورونا لاک ڈاؤن سے لے کر اب تک آرتھوپیڈک ڈیپارٹمنٹ میں پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز کی زیر نگرانی 11 ہزار سے زائد کامیاب سرجریز کا عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے جو کہ گُھر کی ہسپتال کے عملے کی دن رات محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ محمد نعیم نے کینسر کے مریضوں کے لیے سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سرجری سسٹم کے بارے میں بھی تفصیلاً آگاہ کیا جس کو چیمبر کے ممبران نے بہت سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی غریب عوام کو صحت کی جدید ترین سہولیات کی مفت فراہمی کے لیے گُھر کی ہسپتال تمام تر وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔

# گُھر کی ہسپتال میں سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سرجری سسٹم (کینسر کے مریضوں کے لیے جدید ترین طریقہ علاج)

سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سر جری سسٹم کینسر کے مریضوں کے لیے جدید ترین طریقہ علاج ہے جس میں بغیر آپریشن کیے مریض کا شعاعوں کے ذریعے علاج کیا جاتا ہے اور اس طریقہ علاج میں کامیابی کی شرح 99% ہے۔ سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سرجری سسٹم ایک ایسی ٹیکنالوجی ہے جو جسم کے کسی بھی حصے میں موجود کسی بھی قسم کے ٹیومر کا علاج کر سکتی ہے۔ اس سے کسی بھی




ٹیومر کا سائبر نائف ریڈی ایشن تھراپی کے ذریعے مکمل علاج ہوتا ہے اور اس میں انفیکشن کا بھی کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔ اللہ کے فضل و کرم سے سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سرجری سسٹم کے تعمیراتی کام کی تیاری کے بعد اب سائبر نائف مشین تنصیب کے آخری مرحلے میں پہنچ چکی ہے اور ان شاء اللہ وتعالیٰ آپ جیسے مخیّر حضرات کے تعاون بہت جلد کینسر کے مریضوں کا علاج شروع کر دیا جائے گا ہم پر امید ہیں کہ سائبر نائف منصوبے کی تکمیل سے کینسر کے لاکھوں مریض مستفید ہو سکیں گے۔ انشاء اللہ۔ ترقی یافتہ ممالک میں سائبر کے ذریعے کینسر کا علاج کروڑوں روپوں میں ہوتا ہے جبکہ گُھر کی ہسپتال میں غریب

اور مستحق مریضوں کا علاج مفت کیا جائے گا۔ گُھر کی ہسپتال گزشتہ کئی سالوں سے بلا تفریق رنگ و مذہب دکھی انسانیت کی خدمت کر رہا ہے اور یہ آپ کے ہی تعاون سے ممکن ہوا ہے۔ انسانی خدمت کے اس سفر کو جاری و ساری رکھنے کے لیے آپ جیسے مخیّر حضرات کی مالی معاونت درکار ہے۔ اللہ رب العزت ہمیں مخلوق خدا کی اور زیادہ خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# میاں سعید (ڈیرے والے) اور چوہدری محمد جمیل ممبرز بورڈ آف ٹرسٹیز (گُھرکی ہسپتال) کا گُھرکی ہسپتال کا دورہ










میاں سعید ڈیرے والے اور چوہدری محمد جمیل ممبرز بورڈ آف ٹرسٹیز نے گُھرکی ہسپتال میں نئے تعمیر شدہ ڈائیلائسز سنٹر کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی سمیت زیر تعمیر منصوبوں جس میں سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سرجری سسٹم، کیفے ٹیریا (Cafeteria) اور مریضوں کے لواحقین کے لیے تعمیر کیے گئے مسافر خانے کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کو دی جانے والی مفت سہولیات کی فراہمی بارے دریافت کیا جس پر مریضوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جناب محسن بلال گُھرکی ہسپتال اور پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز چیئرمین گُھرکی ہسپتال موجود تھے۔ محمد نعیم سی او او (COO) نے ممبر بورڈ آف ٹرسٹیز کو زیر تعمیر منصوبوں پر تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سائبر نائف روبوٹک ریڈیو سرجری سسٹم اور دیگر زیر تعمیر منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ جلد مریضوں کا علاج شروع کر دیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹر خرم اعجاز کا کہنا تھا کہ گُھرکی ہسپتال کی انتظامیہ غریب عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہیں ان کا کہنا تھا کہ کورونا وائرس کے باعث مشکل حالات میں بھی ہسپتال میں مریضوں کو مفت علاج و معالجہ اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

# ٹی بی کے مرض میں مبتلا حسین کا نئی تکنیک کے ذریعے کامیاب علاج





ٹی بی کے مرض میں مبتلا 14 سالہ حسین کی ریڑھ کی ہڈی مکمل طور پر ٹیڑھی ہو چکی تھی۔ حسین کو ٹیڑھی کمر کے ساتھ چلنے میں دشواری کا سامنا تھا لیکن مرض بڑھنے کے ساتھ ساتھ حسین اب چلنے کے قابل بھی نہ رہا کیونکہ ریڑھ کی ہڈی مکمل طور پر ٹیڑھی ہونے اور ٹی بی کی وجہ سے چھاتی کے 10 مہرے گلنے کے باعث حسین دونوں ٹانگوں سے بھی اپاہج ہو چکا تھا۔ مہرے گلنے کی وجہ سے حسین کا حرام مغز بھی متاثر ہو گیا تھا۔ مایہ ناز پروفیسر ڈاکٹر عامر عزیز اور ان کی ٹیم نے نہ صرف پاکستان میں بلکہ دنیا بھر میں پہلی مرتبہ ایک نئی تکنیک (Modified Halo Pelvic Ilizarov Distraction Technique) متعارف کراتے ہوئے حسین کی کمر کے آپریشنز کیے اور مصنوعی مہرے ڈالے اور اللہ کے فضل و کرم سے حسین کی ٹانگیں بھی حرکت کرنے لگ گئی ہیں۔ جو حسین اور ان کے گھر والوں کے لیے کسی معجزے سے کم نہیں۔ ڈاکٹرز کے مطابق اگر اللہ نے چاہا تو حسین جلد ہی نارمل زندگی کی طرف لوٹ آئے گا۔ انشاء اللہ

# گھر کی ہسپتال کے شعبہ اطفال میں نوزائیدہ بچوں کا انتہائی نگہداشت یونٹ



گھر کی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال 600 بستروں پر مشتمل انتہائی جدید ترین سہولیات سے آراستہ ایک مکمل ہسپتال ہے۔ جہاں علاج و معالجے کی معیاری اور جامع سہولیات غریب اور مستحق افراد کو مفت فراہم کی جارہی ہیں۔ فلاح انسانیت کی خاطر آئی کیمپ سے شروع ہونے والا یہ سفر ترقی کے شاندار مراحل طے کرتا ہوا پاکستان کا پہلا سپائن سنٹر بن چکا ہے جہاں سپائن کے علاوہ دیگر شعبہ جات جس میں سرجری، میڈیسن، گائنی، ای این ٹی، امراض جلد اور چوبیس گھنٹے ایمرجنسی کی سہولیات کے ساتھ ساتھ شعبہ اطفال بھی نوزائیدہ اور قبل از وقت بچوں کی صحت کے حوالے سے کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے گھر کی ہسپتال کے شعبہ اطفال میں نوزائیدہ بچوں کے انتہائی نگہداشت یونٹ کو مزید سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے کام شروع کر دیا گیا ہے جہاں ماہرین اطفال کی ٹیم نومولود بچوں کو عالمی معیار کی مزید جدید ترین سہولیات فراہم کر سکے گی۔



# گھر کی ہسپتال میں مسافر خانے کا قیام





گھر کی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال صحت کی جدید ترین سہولیات سے آراستہ ایک مکمل ہسپتال ہے جہاں چوبیس گھنٹے ایمرجنسی کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ گھر کی ہسپتال کی انتظامیہ عوام کو صحت کی سٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات کی مفت فراہمی کے ساتھ ساتھ لوگوں کے لیے ہر طرح کی سہولت کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ الحمد اللہ اب مخیّر حضرات کے تعاون سے مریضوں کے لواحقین کے لیے کام مکمل ہونے کے بعد مسافر خانے کو کھول دیا گیا ہے جس میں 300 افراد کے رہنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ مسافر خانے میں دستر خوان، واش رومز، وضو خانہ اور لانڈری کی جگہ بھی مختص کی گئی ہے۔ جہاں دور دراز سے آئے مریضوں کے لواحقین مسافر خانے کی سہولت سے مستفید ہو سکیں گے۔ مسافر خانے کے قیام کے بعد لوگوں کو کھلے آسمان تلے نہیں بیٹھنا پڑے گا۔

# ڈائیلائسز سنٹر

الحمدللہ! گُھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال میں سٹیٹ آف دی آرٹ ڈائیلائسز سنٹر میں غریب اور مستحق مریضوں کا مفت علاج شروع کر دیا گیا ہے۔ کروڑوں روپے کی لاگت سے تیار ہونے والا انتہائی جدید یونٹ ابتدائی طور پر 14 ڈائیلائسز مشینوں پر مشتمل ہے جہاں ایمرجنسی کے مریضوں کے لیے چوبیس گھنٹے سروسز مہیا کی جا رہی ہیں۔ ہیپاٹائٹس بی اور سی کے مریضوں کے لیے علیحدہ یونٹس بنائے گئے ہیں۔



## کارکردگی رپورٹ سالانہ (2016-2020)

| PARTICULARS | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 | TOTAL |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **OUTDOOR PATIENTS** | 258,276 | 269,173 | 286,522 | 313,319 | 219,937 | 1,347,227 |
| **INDOOR PATIENTS** | 17,116 | 16,489 | 28,945 | 23,881 | 13,384 | 99,815 |
| **EMERGENCY PATIENTS** | 41,690 | 47,630 | 51,254 | 54,284 | 57,265 | 252,123 |
| **SURGICAL PROCEDURES** | 11,089 | 11,902 | 12,028 | 19,180 | 17,325 | 70,684 |
| **FREE & SUBSIDIZED TREATMENT COST (In Millions PKR)** | 71.88 | 115.99 | 192.16 | 208.64 | 180 | 768.67 |

## زکوٰۃ و عطیات برائے مہربانی اپنے چیک بنام "گُھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال" بھیجیں

**HABIB BANK LTD**
Bata Pur Branch, Lahore.
A/c No: 0522-00073876-03
Swift Code: PK47HABB
IBAN: PK47HABB0005220007387603

**SINDH BANK**
Ghurki Branch, Jallo Morr, Lahore.
A/c No: 0606-062086-1000
Swift Code: SINDPKKA

**DUBAI ISLAMIC BANK**
The Mall Branch, Lahore.
A/c No: 066-0331227001
Swift Code: DUIBPKKA
IBAN: PK78DUIB0000000331227001
Ghurki Trust Teaching Hospital

**U.S.A TD Bank**
Branch Name: Coral Springs
Branch Address: 2600North University Dr.
Coral Springs, FL 330654, USA
Account Number: 4366789043
Routing Number: 067014822
Beneficiary Name: Ghurki Trust Teaching Hospital, Inc.


Jallo Morr, Lahore, Pakistan. UAN: +92 42 111 348 348 (Ext: 416 - 418) 042-36526113
Email: marketing.ghurkihospital@gmail.com
www.ghurkitrust.org.pk Ghurki_Trust Ghurki Trust Teaching Hospital Ghurki_Hospital Ghurki Hospital #SUPPORT_GTTH